DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

## اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 25-10-2022

| اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|
| 1۔صحافی ارشد شریف شعبہ صحافت کا ایک معتبر نام تھے،وزیراعلیٰ بلوچستان | مشرق ودیگر اخبارات |
| 2۔بلوچستان میں 100 اسمال ڈیمز بنائے گئے سیلاب شدید نقصان پہنچا،احسن اقبال | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 3۔پاکستان نے اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اہم کردار ادا کیا،ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔بچوں کے صحت مند مستقبل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں،ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 5۔بیروزگاری ومہنگائی کے خاتمے کیلئے اقدامات جاری ہیں،اسد بلوچ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 6۔گوادر پاکستان کا مستقبل مقامی ماہی گیروں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنائینگے،چیف سیکرٹری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 7۔صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیا جارہا ہے،فرح عظیم شاہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 8۔پاک آرمی کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے مفت طبی کیمپس کا انعقاد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 9۔فوڈ اتھارٹی کارکھنی میں کریک ڈاؤن 15 مراکز کو جرمانہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10۔حکومت نے مقدمہ واپس لے لیا فزیو ڈاکٹرز اور طلبا رہا کردیئے گئے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔بلوچستان ہائی کورٹ کا اعلامیہ،بلوچستان ہائی کورٹ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 12۔قیدی معاشرے کا حصہ سہولیات فراہم کی جائیں گی،ڈی آئی جی جیل خانہ جات | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13۔ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے قوم کو وسائل پر اختیار دینا ہوگا،پشتونخوا میپ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14۔قوموں کا مستقبل کتاب وعلم سے وابستہ ہے،لشکری رئیسانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15۔قلعہ سیف اللہ،ژوب،شیرانی،زیارت،موسیٰ خیل،ہرنائی میں دہشتگرد دندناتے پھر رہے ہیں،آل پارٹیز | مشرق ودیگر اخبارات |
| 16۔اتحادی حکومت چوں چوں کا مفاداتی مربہ ہے،مولانا ہاشمی | 92ودیگر اخبارات |

### امن وامان

قلات کارواش سروس سے موٹر ودیگر سامان چرالیا گیا،نوشکی جمالدینی میں دو فریقین کے درمیان ایک گھنٹے تک فائرنگ کا تبادلہ،پنجگور خدانادان سراوان میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک،لیویز کی مختلف علاقوں میں کاروائیاں درجنوں ملزمان گرفتار اسلحہ برآمد۔

### عوامی مسائل

جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کے باعث پیدل چلنا بھی دشوار ہوگیا،امدادی سامان غیر منصفانہ طور پر تقسیم ہونے لگا،بیروزگار نوجوان سراپا احتجاج ڈگریوں کو آگ لگادی،واشک شہر میں پینے کی صاف پانی قلت شدت اختیار کرگئی عوام سرگرداں،انجمن تاجران کا 31 اکتوبر کو لکپاس قومی شاہراہ کو بلاک کرنے کا اعلان۔

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 25-10-2022

## اداریہ

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "سیلاب زدہ علاقوں میں 16لاکھ بچے غذائی قلت کا شکار ہوسکتے ہیں "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ اقوام متحدہ کے بچوں کے فنڈ (یونیسیف) نے خبردار کیا ہے کہ تباہ کن سیلاب کے نتیجے میں متاثرہ علاقوں میں بچوں میں شدید غذائی قلت اور صحت کی سہولیات کی صورتحال تشویشناک ہے،70لاکھ سے زائد بچوں تک پہنچنے کیلئے عالمی برادری سے تعاون کا مطالبہ کیا ہے کیونکہ نوعمر لڑکیاں اور خواتین کو غذائیت سے بھرپور خدمات کی ضرورت ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ سندھ اور بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں صحت کی سہولیات میں داخل ہونے والے 5سال سے کم عمر کے 9میں سے ایک بچہ شدید غذائی قلت کا شکار پایا گیا اور 10لاکھ سے زائد افراد پینے کے صاف پانی جبکہ 60لاکھ زائد افراد کو صفائی کی خدمات ضرورت ہے۔یونیسیف نے حکومت کی صحت کی فراہمی کی خدمات میں غذائیت کو ضم کرنے اور طویل المدتی میں غذائیت کیلئے حکومتی فنڈز میں اضافہ کرنے پر بھی زور دیا بیان میں کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں صحت کی سہولیات پر اس سال ستمبر سے اب تک صحت کے ماہرین کی جانب سے 22ہزار سے زیادہ بچوں کی اسکریننگ کی گئی جس میں 2ہزار 630سے زیادہ یا 9بچوں میں سے ایک سے زیادہ میں شدید غذائی قلت کی تشخیص ہوئی۔حکومت نے ورلڈ فوڈ پروگرام اور دیگر شراکت داروں کے ساتھ مل کر یونیسیف نے شدید غذائی قلت اور دیگر قسم کی غذائی قلت کے کیسوں کی روک تھام پتا لگانے اور علاج کیلئے 271آؤٹ پیشنٹ علاج کے مراکز قائم کیے ہیں۔

## ادریہ

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Low gas pressure" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 25 OCT 2022 Page No. 1

## صحافی ارشد شریف شعبہ صحافت کا ایک معتبر نام تھے، عبدالقدوس بزنجو

### قتل کے واقعہ کی مذمت، ارشد شریف کے خاندان سے ہمدردی ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کینیا میں سینئر صحافی اور اینکر پرسن ارشد شریف کے قتل کے واقعہ کی مذمت کی ہے اپنے ایک بیان ......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 9 پر

میں وزیراعلیٰ نے اس افسوسناک واقعہ میں ارشد شریف کے جاں بحق ہونے پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ کا کہنا ہے کہ ارشد شریف شعبہ صحافت کا ایک معتبر نام تھے جنہوں نے تحقیقی صحافت کے ذریعہ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ان کی وفات سے شعبہ صحافت میں ایک بڑا خلاء پیدا ہوا ہے وزیراعلیٰ نے ارشد شریف کے خاندان سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و ہمت سے برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

Balochistan Time Quetta

# Sustained struggle needed to eradicate polio: Bizenjo

## Says collective efforts required to purge Pakistan of the crippling disease

**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo said on Monday that eradication of polio virus from the country required a sustained struggle.

Government is committed to ensure that our country is free from the polio virus, Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo said. The CM said that the purpose of marking the World Polio Day was to eradicate polio from the country and to secure the future of children.

"Children suffer lifelong disabilities due to lack of timely treatment of polio," he deplored adding that many countries had eradicated polio with a lot of hard work. Stressing the need for putting collective efforts, he said that eliminating polio was definitely difficult but not impossible, for which we all have to play a role. The role of media including scholars, civil society and different schools of thought is indispensable in polio campaign. "Due to the unification of all schools of thought, we are succeeding in controlling this disease to some extent," he said paying homage to the martyred polio workers.

He said religious leaders, including imams at mosques, were being involved in the campaign to reduce the number of refusal cases. They would persuade those parents who are usually reluctant to get their children vaccinated against polio, he said, adding that the religious leaders would also play an important role in removing misunderstandings among people about polio drops.

The districts where the polio campaign will begin on Monday are: Barkhan, Bolan, Dera Bugti, Dukki, Harnai, Jaffarabad, Jhal Magsi, Kalat, Khuzdar, Kohlu, Killa Saifullah, Loralai, Mastung, Musa Khel, Nasirabad, Sherani,, Sibi, Sohbat Pur, Zhob and Ziarat.

Today we pay homage to our martyred polio workers who sacrificed their lives to protect children from lifelong disabilities. CM Balochistan assured that polio workers would be provided complete security during the polio campaign.

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has condemned the killing of senior journalist and anchor person Arshad Sharif in Kenya. The Chief Minister says that Arshad Sharif was a reliable name in the field of journalism, who demonstrated his skills through research journalism. After his death, a big gap has been created in the field of journalism. The Chief Minister expressed his condolences and sympathy to the family of Arshad Sharif. Praying while doing that May Allah Almighty forgive the deceased and give courage to the bereaved to bear this trauma with patience and courage.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 25 OCT 2022 Page No. 2

## پاکستان نے اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اہم کردار ادا کیا، ضیاء لانگو

### خطے میں دیرپا امن مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے بغیر ممکن نہیں، عالمی دن پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے اقوام متحدہ کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے اہم مقاصد میں دنیا بھر میں قیام امن کیلئے اقدامات اور کرداروں کو بہتر کے قابل بنانے کیلئے اقدامات کرنے ہیں جس کیلئے پاکستان نے ہمیشہ سے اقوام متحدہ کے حیثیت ذمہ دار رکن کے اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے اور بالخصوص امن مشنز کیلئے ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کا عالمی دن منانے کا مقصد دنیا بھر کے امن دستوں کی کاوشوں کا اعتراف کرکے انہیں بہترین انداز میں خراج تحسین پیش کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن، ترقی، انسانی حقوق اور سب کے لئے مواقع وہ اقدار ہیں جو اقوام متحدہ کی قوت ہیں جس کیلئے پاکستان کے امن مشنز کے کئی بہادر سپوت خطرناک اور خطوں میں امن و استحکام کی بحالی کے لئے جام شہادت نوش کیا شہید ہونے والے بہادر افسروں اور جوانوں کی امن کی راہ میں قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی مشیر داخلہ میر ضیاء کا کہنا تھا کہ پاکستان یو این امن مشنز میں مستقل طور پر تعاون کرنے والے ممالک میں سب سے بڑا اور موثر ملک رہا ہے اور مختلف خطوں میں امن کے لیے اب تک 24 افسران سمیت 157 پاکستانی جوان اپنی جانوں کا نذرانہ بھی پیش کر چکے ہیں انہوں نے کہا کہ خطے میں دیرپا امن مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے بغیر ممکن نہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ امن کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ اور بھارت کا کشمیر سے جارحانہ رویہ خطے میں امن کیلئے خطرناک ہے مقبوضہ جموں و کشمیر میں مودی سرکار نے امن کی تمام کوششوں کو سبوتاژ کیا جبکہ عالمی امن کی تاریخ پاکستان کے سنہرے کردار کے بغیر ادھوری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## بیروزگاری و مہنگائی کے خاتمے کیلئے اقدامات جاری ہیں، اسد بلوچ

عوام نے ہمیں مسائل کے حل کیلئے اسمبلیوں میں بھیجا، ان کی امیدوں پر پورا اترنا ہماری ذمہ داری ہے

### خالی آسامیوں پر میرٹ کے مطابق نوجوانوں کو بھرتی کرینگے، صوبائی وزیر، صحافی ارشد شریف کے قتل کی مذمت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کے حل اور عوام کو روزگار دینے کیلئے محکمہ زراعت میں خالی آسامیوں پر جلد بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ کے مطابق بھرتی کرینگے اور ترقیاتی حوالے سے کام جاری ہیں اس میں مزید تیزی بھی لائینگے سینئر اینکر ارشد شریف کا قتل قابل مذمت ہے اس کی تحقیقات کی جائیں یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں صحافیوں کی ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ موجودہ دور میں اس خطے کی بہتری اور ترقیاتی عمل کو مکمل کرنے کے لئے ہم دوسرے کے خلاف بیان بازی کرنے کی بجائے ایک ہو کر کردار ادا کریں کیونکہ عوام جس نے ہمیں ووٹ دیئے ان کی ہم سے بڑی امیدیں ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ کم عرصے میں حکومت نے جو کام کیے وہ تاریخ کا حصہ ہے صوبے میں بے روزگاری اور مہنگائی کے خلاف بڑے پیمانے پر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے بحیثیت صوبائی وزیر زراعت افسران کو ہدایت جاری کی ہے کہ محکمہ کے حوالے سے جتنی بھی آسامیاں خالی ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان میں 100 اسمال ڈیمز بنائے گئے، سیلاب سے شدید نقصان نہیں پہنچا — احسن اقبال

گلیشیر پھٹ رہے ہیں پانی کی قلت اور ہیٹ ویو کا سامنا ہے، تمام تبدیلیاں پاکستان کو شدید متاثر کررہی ہیں، زرعی پیداوار میں کمی ہورہی ہے

### پاکستان کو موسمیاتی تباہ کاری سے 32 ارب ڈالر کا نقصان ہوا، انرجی سیکورٹی کیلئے حکومت ماحول دوست ہائیڈرو پاور منصوبے لگارہی ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ گلیشیر پھٹ رہے ہیں، پانی کی قلت اور ہیٹ ویو کا سامنا ہے، تمام تبدیلیاں پاکستان کو شدید متاثر کررہی ہیں، پاکستان میں دنیا کا وسیع ترین اریگیشن سسٹم ہے، زرعی پیداوار کا دارومدار پانی پر ہے۔ پاکستان واٹر ویک 2022 کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو موسمیاتی تباہ کاریوں کا سامنا ہے، گلیشیر پھٹ رہے ہیں، پانی کی قلت اور ہیٹ ویو کا سامنا ہے، یہ تمام تبدیلیاں پاکستان کو شدید متاثر کررہی ہیں۔ انہوں

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے زرعی پیداوار میں کمی ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو موسمیاتی تباہ کاری سے 32 ارب ڈالر کا نقصان ہوا، متعدد اضلاع سیلاب کی وجہ سے مکمل تباہ ہوگئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 25 OCT 2022 Page No. 3


## مقامی ماہی گیروں کے حقوق و مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا، عبدالعزیز عقیلی

چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس، گوادر میں ریڈ زون کے قیام اور غیر قانونی ٹرالنگ کی روک تھام کا جائزہ [illegible]

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی ویڈیو لنک اجلاس کا انعقاد ہوا اجلاس میں گوادر میں ریڈ زون کے قیام اور غیر قانونی ٹرالنگ کی روک تھام سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا متعلقہ محکموں کے سیکریٹری چیرمین گوادر پورٹ اتھارٹی اور کمشنر مکران سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے حکام اجلاس میں شریک تھے اجلاس میں شریک متعلقہ اداروں کے حکام نے بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکریٹری نے کہا کہ مقامی ماہی گیروں کے حقوق و مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا اور ٹرالنگ کے حوالے سے ماہی گیروں کے خدشات دور کیے جائیں گے چیف سیکریٹری نے ہدایت کی کہ کوسٹ گارڈ لیویز اور پولیس جوائنٹ ایکشن پلان مرتب کریں اور میری ٹائم افیئرز کے ساتھ مربوط روابط کا قیام بھی عمل میں لایا جائے انہوں نے کہا کہ گوادر پاکستان کا مستقبل ہے پرامن گوادر دیرپا ترقی کی ضمانت فراہم کریگا چیف سیکریٹری نے یہ ہدایت بھی کی کہ متعلقہ ادارے حکومتی پالیسی کے مطابق مقامی لوگوں کے روزگار کے تحفظ اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں جسکے لیے وسائل فراہم کیے جارہے ہیں۔


MASHRIQ QUETTA


## گوادر پاکستان کا مستقبل، مقامی ماہی گیروں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنائیں گے، چیف سیکرٹری

متعلقہ ادارے مقامی لوگوں کے روزگار کے تحفظ اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں جسکے لیے وسائل فراہم کیے جارہے ہیں

کوسٹ گارڈ لیویز اور پولیس جوائنٹ ایکشن پلان مرتب کریں، میری ٹائم افیئرز کیساتھ مربوط روابط بھی قائم کیا جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن)۔ چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی ویڈیو لنک اجلاس کا انعقاد ہوا اجلاس میں گوادر میں ریڈ زون کے قیام اور ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 9 پر

غیر قانونی ٹرالنگ کی روک تھام سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا متعلقہ محکموں کے سیکریٹری چیرمین گوادر پورٹ اتھارٹی اور کمشنر مکران سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے حکام اجلاس میں شریک تھے اجلاس میں شریک متعلقہ اداروں کے حکام نے بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکریٹری نے کہا کہ مقامی ماہی گیروں کے حقوق و مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا اور ٹرالنگ کے حوالے سے ماہی گیروں کے خدشات دور کیے جائیں گے چیف سیکریٹری نے ہدایت کی کہ کوسٹ گارڈ لیویز اور پولیس جوائنٹ ایکشن پلان مرتب کریں اور میری ٹائم افیئرز کے ساتھ مربوط روابط کا قیام بھی عمل میں لایا جائے انہوں نے کہا کہ گوادر پاکستان کا مستقبل ہے پرامن گوادر دیرپا ترقی کی ضمانت فراہم کریگا چیف سیکریٹری نے یہ ہدایت بھی کہ متعلقہ ادارے حکومتی پالیسی کے مطابق مقامی لوگوں کے روزگار کے تحفظ اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں جسکے لیے وسائل فراہم کیے جارہے ہیں۔


Century Express Quetta


## کھیلوں کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے، عبدالعزیز عقیلی

صوبے میں مختلف سطح پر کھیلوں کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے

بلوچستان میں جدید طرز کی کرکٹ اکیڈمی قائم کریں گے، شاہد خان آفریدی

کوئٹہ (خ ن) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد خان آفریدی نے کہا کہ وہ صوبہ بلوچستان میں جدید سہولیات کی حامل کرکٹ اکیڈمی قائم کریں گے تاکہ نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں میں اضافہ کیا جاسکے کیونکہ صوبے میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اور کرکٹ اکیڈمی میں کھلاڑیوں کو ہر قسم کی سہولت میسر ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان (باقی صفحہ 7 نمبر 28)

عبدالعزیز عقیلی کے ہمراہ ایوب اسٹیڈیم میں کرکٹ اکیڈمی کے قیام کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبے میں کھیلوں کا فروغ شروع دن ہی سے موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل رہا ہے۔ صوبائی حکومت صوبے میں کھیلوں کے فروغ کے سلسلے میں نئے اسپورٹس گراؤنڈز اور دیگر انفراسٹرکچر کی تعمیر اور پہلے سے موجود انفراسٹرکچر کی بحالی و بہتری کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو کھیلوں کے لئے درکار دیگر تمام سہولیات کی فراہمی اور کھیلوں کی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کے لیے ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کے سلسلے میں ایک مربوط حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے۔ صوبائی حکومت کے ان اقدامات کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں اور صوبے میں مختلف سطح پر کھیلوں کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے فروغ اور میدانوں کو آباد رکھ کر ہم شہر میں قیام امن کے ساتھ ساتھ اپنی نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے دور اور صحت مند مثبت سرگرمیوں کو فروغ دے سکتے ہیں۔ صوبائی حکومت شہر میں کھیلوں کے فروغ اور کھیلوں کے میدانوں کی آبادکاری کے لئے منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے ایوب اسٹیڈیم میں زیر تعمیر مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ بھی کیا جس میں سوئمنگ پول، کرکٹ گراؤنڈ، والی بال، فٹبال گراؤنڈ، بیڈمنٹن کورٹ، مارشل آرٹس کلب و دیگر زیر تعمیر منصوبے شامل تھے۔

## ماہی گیروں کے حقوق کا تحفظ کیا جائیگا، چیف سیکرٹری

ٹرالنگ کے حوالے سے ماہی گیروں کے تمام خدشات دور کیے جائیں، اعلیٰ سطحی اجلاس

کوسٹ گارڈ لیویز اور پولیس جوائنٹ ایکشن پلان مرتب کریں، ویڈیو لنک سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی ویڈیو لنک اجلاس کا انعقاد ہوا اجلاس میں گوادر میں ریڈ زون کے قیام اور غیر قانونی (باقی صفحہ 7 نمبر 32)

ٹرالنگ کی روک تھام سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا متعلقہ محکموں کے سیکریٹری چیرمین گوادر پورٹ اتھارٹی اور کمشنر مکران سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے حکام اجلاس میں شریک تھے اجلاس میں شریک متعلقہ اداروں کے حکام نے بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکریٹری نے کہا کہ مقامی ماہی گیروں کے حقوق و مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا اور ٹرالنگ کے حوالے سے ماہی گیروں کے خدشات دور کیے جائیں گے چیف سیکریٹری نے ہدایت کی کہ کوسٹ گارڈ لیویز اور پولیس جوائنٹ ایکشن پلان مرتب کریں اور میری ٹائم افیئرز کے ساتھ مربوط روابط کا قیام بھی عمل میں لایا جائے انہوں نے کہا کہ گوادر پاکستان کا مستقبل ہے پرامن گوادر دیرپا ترقی کی ضمانت فراہم کریگا چیف سیکریٹری نے یہ ہدایت بھی کہ متعلقہ ادارے حکومتی پالیسی کے مطابق مقامی لوگوں کے روزگار کے تحفظ اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں جسکے لیے وسائل فراہم کیے جارہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 25 OCT 2022 Page No. 5


# سرکاری اراضی پر کسی قسم کا قبضہ برداشت نہیں کیا جائیگا، عائشہ زہری

نصیرآباد انتظامیہ کا ریلوے کی سرکاری اراضی پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کئی زیرتعمیر دکانیں مشینری کے ذریعے زمین بوس کردی گئیں، قبضہ کرنے کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی، ڈی سی نصیرآباد

**کہ نصیرآباد ضلعی انتظامیہ سرکاری املاک کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنانے کیلئے سنجیدگی سے کام کررہی ہے، ملازمین کی ملی بھگت کے بغیر کوئی بھی شخص ریلوے کی اراضی پر قبضہ نہیں کرسکتا**

نصیرآباد(خ ن) نصیرآباد انتظامیہ کا ریلوے کی سرکاری اراضی پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کئی زیرتعمیر دکانیں مشینری کے ذریعے زمین بوس کردی گئیں کارروائی ریلوے حکام کی درخواست پر ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنرز فلائٹ لیفٹیننٹ خالد شمس، کیپٹن ریٹائرڈ عادل اور حسنین ابڑو کی نگرانی میں کی گئی ڈپٹی کمشنر نصیرآباد عائشہ زہری نے کہا کہ ریلوے کی اراضی پر قبضہ کرنے کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی ریلوے حکام اپنی اراضی پر قبضہ کرنے کی کسی کو اجازت نہ دیں اور ملوث عناصر کے خلاف فی الفور کارروائی عمل میں لائیں ریلوے انتظامیہ کے ملازمین کی ملی بھگت کے بغیر کوئی بھی شخص ریلوے کی اراضی پر قبضہ نہیں کرسکتا اس لیے ضروری ہے کہ تجاوزات کو گرانے کے بجائے بننے ہی نہیں دیا جائے اس عمل میں جو بھی ملوث پایا گیا اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اس بابت ڈی ایس سکھر ریلوے کو بھی تحریری طور پر آگاہ کیا جائے گا عائشہ زہری نے کہا کہ نصیرآباد ضلعی انتظامیہ سرکاری املاک کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنانے کیلئے سنجیدگی سے کام کررہی ہے سرکاری اراضی پر کسی قسم کا قبضہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا ہم لوگوں کو بھی تنبیہ کرتے ہیں کہ وہ اس عمل سے اجتناب کریں بصورت دیگر انہیں مالی نقصانات کے ساتھ (بقیہ نمبر3 صفحہ نمبر5 پر)

ساتھ قانونی کارروائی کا بھی سامنا کرنا پڑے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 25 OCT 2022 Page No. 7


## کمشنر کوئٹہ کی لینڈ مافیا کیخلاف کارروائی کی یقین دہانی

### کمشنر سہیل الرحمٰن بلوچ سے قاری مہر اللہ، حبیب اللہ، رحمت اللہ کی ملاقات

کوئٹہ (آئی این پی) کمشنر سہیل الرحمٰن بلوچ سے جمعیت علما اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے ضلعی امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ ساقی، صوبائی ترجمان مولانا رحمت اللہ حقانی نے کوئٹہ شہر میں عوام کو درپیش مسائل، امن وامان، سڑکوں کی توسیع میں سست روی، آب نکاسی نالہ اور شہدا و زخمیوں کی معاوضہ کے حوالے سے ملاقات کی کمشنر نے شہدا

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

اور زخمیوں کو معاوضہ کی یقین دہانی کی پشتون آباد، پشتونمدرہ، سٹلائیٹ ٹاؤن، سریاب، ڈبل روڈ، مسلم اتحاد کالونی، محمود آباد کے آب نکاسی کے سیوریج نالہ ارباب کرم خان روڈ، شاہ زمان روڈ سے موڑنے، لینڈ مافیا کے خلاف قانونی کارروائی کی یقین دہانی کرادی اور سیلاب متاثرین کے منہدم مکانات اور نقصانات کا جلد ازالہ کیا جائیگا اور مطالبات پر جلد درآمد ہوگا یہ مشترکہ مسائل ہے اور مسائل ہمیشہ افہام وتفہیم سے حل ہوتے ہیں سیلاب متاثرین سرد موسم میں خیمہ بستیوں میں سخت اذیت صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے منہدم مکانات کی تعمیر کے لیے فنڈز کا اجرا کریں تاکہ متاثرین دوا اپنے گھروں کو منتقل ہوسکے انہوں نے کہا کہ پشتون آباد، پشتونمدرہ، سٹلائیٹ ٹاؤن، سریاب، ڈبل روڈ، مسلم اتحاد کالونی، محمود آباد کے آب نکاسی کے تمام پانی ہمیشہ ارباب کرم خان روڈ، شاہ زمان روڈ پر جمع ہونے سے گھروں اور مسجدوں میں داخل ہوتی ہے پشتون آباد اور سریاب روڈ کے آب نکاسی کا رخ بلوچستان یونیورسٹی کے عقب برساتی نالے کے طرف کیا جائے۔

92 نیوز کوئٹہ

## بختیار آباد: اتائیوں کیخلاف چھاپہ مار کارروائیاں، متعدد کلینکس سربمہر، ایک جعلی ڈاکٹر گرفتار

### ڈرگ انسپکٹر گلاب کاکڑ کی ٹیم کے ہمراہ چھاپے، میڈیکل اسٹورز میں دواؤں کی جانچ، معالجین کی اسناد اور اسٹورز کے لائسنس کا معائنہ کیا، بعض پر جرمانہ

### بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، اتائیوں کو موت کا کاروبار کرنیکی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، اسٹورز مالکان معیاری دوائیں رکھیں، گلاب خان کاکڑ، میڈیا سے گفتگو

بختیار آباد (آن لائن) ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سبی ڈویژن ڈاکٹر غلام سرور شاہ ہاشمی کے احکامات اور ڈی ایچ او سبی واجہ منظور احمد بلوچ کی ہدایات پر ڈرگ انسپکٹر گلاب خان کاکڑ نے ٹیم کے ہمراہ لہڑی اور بختیار آباد کے اتائیوں کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے متعدد اتائیوں کے کلینک سربمہر سیل کردیے، ایک اتائی نبی بخش کو گرفتار کرلیا، میڈیکل اسٹورز میں دواؤں کی جانچ کی، ڈاکٹرز کے اسناد اور میڈیکل اسٹورز کے لائسنس بھی چیک کیے، دوائیوں کے نمونے حاصل کر کے لیبارٹری بھیج دیے، بعض میڈیکل اسٹوروں کو موقع پر ہی جرمانہ عائد کر دیا، گزشتہ روز چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران ڈرگ انسپکٹر گلاب خان کاکڑ نے تحصیل لہڑی کے دورے پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو میں کہا کہ اتائیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، عوام کی صحت پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، اتائیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، اتائی کو موت کا کاروبار کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، انہوں نے بعض میڈیکل اسٹورز کے مالکان کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ غیر معیاری دوائیں اسٹورز پر رکھیں نہ ہی مریضوں کا علاج کریں، صرف ڈاکٹرز کی تجویز کردہ معیاری دوائیں ہی فروخت کریں، انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹر انسانیت کے مسیحا ہیں، کسی کو بھی انسانی جانوں کے ساتھ کھیلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

ہرنائی میں امن وامان مخدوش علاقے کو جان بوجھ کر دہشتگردی کی جانب دھکیلا جا رہا ہے، جمعیت، پشتونخوا، اے این پی، جے یو پی، مسلم لیگ (ن)

## قلعہ سیف اللہ، ژوب، شیرانی، زیارت، موسیٰ خیل، ہرنائی میں دہشتگرد دندناتے پھر رہے ہیں: آل پارٹیز

لورالائی میں ڈویژنل ضلعی انتظامیہ اور پولیس امن برقرار رکھنے میں مکمل طور پر ناکام یہاں دہشت گردوں کا راج، شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں، این ڈی ایم، پی پی، جماعت اسلامی

معلوم نہیں اختیارات کس کے پاس ہیں، اسرار اوتمانخیل شہید کے قاتلوں کو گرفتار، اسرار ناصر کو بازیاب اور ضلعی انتظامی افسر کا فوری تبادلہ کیا جائے، مظاہرین سے سیاسی رہنماؤں کا خطاب

لورالائی (نامہ نگار) آل پارٹیز کے زیر اہتمام اسرار شہید کے قتل اور شہر و گردونواح میں امن کی مخدوش صورتحال انتظامیہ کی ناکامی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اور بعد میں سپلائی چوک میں جلسہ منعقد ہوا جلسہ زیر صدارت مولانا سلطان جان حمزہ زئی منعقد ہوا جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت کے مولانا سلطان جان حمزہ زئی، پشتونخوا کے سردار گل مرجان کبزئی، اے این پی کے ایڈووکیٹ منظور کاکڑ، جمعیت علماء پاکستان کے مولانا اقبال، این ڈی ایم کے اسفندیار خان کاکڑ، مسلم لیگ ن کے مومن خان ناصر، جماعت اسلامی کے نورالدین ترکئی پی پی پی کے ضلعی سینئر رہنما خیر محمد ناصر، عمر کدیزئی نے کہا کہ لورالائی میں ڈویژنل ضلعی انتظامیہ اور پولیس امن برقرار رکھنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے یہاں دہشت گردوں کا راج ہے سیاسی جماعت کا کونسلر جسے ضلعی افسر نے دھاندلی سے کامیاب کرایا تھا تمام سیاسی جماعتوں نے موجودہ ضلعی افسر کو ناکام اور کرپٹ قرار دیتے ہوئے اسے فوراً تبادلے کا مطالبہ کر دیا انہوں نے کہا کہ ہمیں معلوم نہیں کہ لورالائی میں اختیارات کس کے پاس ہیں لورالائی قلعہ سیف اللہ ژوب شیرانی زیارت موسیٰ خیل ہرنائی کے امن کو خراب کر کے ان علاقوں کو دہشت گردی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے جس کی ہم کسی صورت اجازت نہیں دیں گے انہوں نے مطالبہ کیا کہ اسرار اوتمانخیل شہید کے قاتل کو فوری گرفتار کیا جائے اسرار ناصر کو بازیاب کرایا جائے 30 اکتوبر کو عبدالرحیم خان کلب میں گرینڈ جرگہ منعقد ہو گا جس میں تمام مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔

92 نیوز کوئٹہ

## اتحادی حکومت چوں چوں کا مفاداتی مربہ ہے، مولانا ہاشمی

بلوچستان میں اپوزیشن نہ ہونے کی وجہ سے بھی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے

بدعنوان عناصر نے اسلامی نظام کیلئے جدوجہد کو داغ دار بنا دیا، صوبائی امیر

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ عوام پر بار بار جعلی حکومت جعلی نمائندے مسلط کر کے بدعنوانی اور مسائل میں بدترین اضافہ کیا گیا ہے۔ عوام پر عوامی نمائندوں کی حکمرانی ہو گی تو مسائل، پریشانیوں میں کمی آ سکتی ہے۔ دیانت دار ایماندار نمائندے، مسائل کا حل ہے۔ بلوچستان کے عوام سے ہمیشہ حکمرانوں منتخب نمائندوں اور (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 49)

اسٹیبلشمنٹ نے وعدے اور صرف وعدے کیے ہیں اہل بلوچستان کوئی پیکج، نام نہاد پیکیجز، حقوق بلوچستان کے نعروں سے امیدیں دیکر ہمیشہ ناامید کیا گیا۔ زراعت، معیشت تجارت سب کچھ تباہ، صرف بدعنوانی اور بدعنوان لوگوں نے ترقی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں، منتخب نمائندوں اور خودساختہ طبقات کی طرف سے بلوچستان کیساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کب تک جاری رہے گا ظلم و جبر کے نظام میں بلوچستان کے عوام پس رہے ہیں حکومت، حکومتی نمائندے ملا... خاموش تماشائی کا منفی کردار ادا کر رہے ہیں۔ ظلم و جبر لاقانونیت کے خلاف جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری رہیگی۔ بلوچستان کی سیاست کو مٹھی بھر مفاد پرست اور اقتدار پرست گروہ نے یرغمال بنالیا ہے۔ عوام بے چینی اور سیاسی عدم استحکام بڑھتا ہی جا رہا ہے۔ قومی جماعتوں قومی میڈیا نے

مسائل میں کمی کے بجائے مسائل سے روگردانی، آنکھیں موڑی ہیں۔ بڑی جماعتیں مقبولیت، تکبر، غرور کے ہوائی گھوڑے پر سوار ہیں۔ بلوچستان میں اپوزیشن نہ ہونے کی وجہ سے بھی مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے اتحادی حکومت چوں چوں کا مفاداتی مربہ ہے۔ ہماری نظر میں سیاست عبادت ہے اس لیے جماعت اسلامی کی سیاست میں خدمت دیانت و اخلاص ہے ہم ملک کو اسلامی اور بلوچستان کو خوشحال بنائیں گے بدعنوان عناصر نے دیانت دار سیاست اسلامی نظام کیلئے جدوجہد کو داغ دار بنا دیا۔ بدعنوانی کی وجہ سے ملک و ملت بدنام تباہ اور برباد ہو گئی ہے ختم نبوت کے قانون کے خلاف اسلام دشمن قوتیں سرگرم عمل ہیں، امت مسلمہ کبھی اس سازش کو کامیاب نہ ہونے دے گی اللہ اور رسولؐ سے محبت کا تقاضا ہے کہ اللہ سے بغاوت پر مبنی نظام کو مسترد اور زندگی کے ہر معاملے میں قرآن و سنت کی ہدایات پر عمل کیا جائے عقیدہ ختم نبوت ہر مسلمان کے لیے بنیادی جزو ایمان ہے۔

## نوشکی: کلی جمالدینی میں دو فریقین کے درمیان ایک گھنٹے تک فائرنگ کا تبادلہ

**لوگوں میں خوف وہراس، جمالدینی قبیلے کے دو طائفوں میں دو سال سے تنازعہ چلا آرہا ہے**

نوشکی (نامہ نگار) کلی جمالدینی میں جمالدینی قبیلے کے دو ذیلی طائفوں میں گزشتہ دو سالوں سے تنازعہ چل رہا ہے جس میں دونوں فریقین کے قیمتی جانوں کا ضیاع بھی ہوا ہے دس دن قبل بھی سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل میر اورنگزیب جمالدینی کی گاڑی پر فائرنگ کی گئی لیکن وہ معجزانہ طور پر محفوظ رہے کلی جمال دینی میں فائرنگ کی وجہ سے حلقہ کے مکین خوف ہراس اور پریشانی سے دوچار ہیں آج بھی دونوں فریقین کے مابین ایک گھنٹے تک فائرنگ کے تبادلے سے خوف ہراس پھیل گیا ایس پی نوشکی غلام حسین باجوئی پولیس کے بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے جس کی وجہ سے فائرنگ بند ہوگئی نوشکی کے عوامی اور سماجی حلقوں نے بلوچستان کے قبائلی عمائدین سے اپیل کی ہے کہ وہ جمالدینی قبیلے کے دونوں فریقین کے تنازعہ کا تصفیہ کرانے کے لیے کردار ادا کریں۔

## قلات: کارواش سروس سے موٹر و دیگر سامان چرا لیا گیا

قلات (نامہ نگار) قلات میں نامعلوم چور المرکز اسلامی کے کارواش سے موٹر اور دیگر سامان لے اڑے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات نامعلوم چور المرکز اسلامی کی قریب کارواش کے تالے توڑ کر موٹر اور دیگر قیمتی سامان لے اڑے

## پنجگور: خدابادان سراوان میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے خدابادان سراوان میں موٹر سائیکل سوار کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے خدابادان میں محمد اقبال نامی نوجوان اپنے گھر کے سامنے بیٹھا تھا کہ نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار نے اس پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر دم توڑ گیا۔ مقتول کو پنجگور ٹیچنگ ہسپتال پنجگور منتقل کردیا گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## پنجی لیویز تھانہ بالان ناڑی کی کارروائی 4 ملزمان گرفتار

نصیرآباد (اے این این) پنجی لیویز تھانہ بالان ناڑی انچارج بابو فدا جتوئی لیویز فورس کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر کامیاب کارروائی 4 روپوش ملزمان گرفتار واضح رہے کہ بابو فدا حسین جتوئی نے بالا ناڑی لیویز تھانہ چارج لیتے ہوئے اشتہاریوں ملزمان کے ......

بقیہ نمبر20 صفحہ 10 پر

خلاف کارروائی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق کمشنر نصیرآباد بشیر احمد بنگلزئی احکامات ڈپٹی کمشنر کچھی سید احسان اللہ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈھاڈر شاہ راشدی کی سربراہی میں ایس ایچ او لیویز تھانہ حاجی شہر بابو فدا حسین جتوئی دفعدار اللہ بخش چانڈیہ نے لیویز فورس کمانڈوز کے ہمراہ خفیہ اطلاعات پر مختلف مکانات میں چھاپہ مار کر مقدمہ فرد نمبر 27/2022 جرم زیر دفعہ 506.324 ت پ 2 149148147.504 لیویز تھانہ بالا ناڑی کو مطلوب اشتہاری ملزمان 1۔ فخر محمد ولد محمد ہاشم عرف محمد بخش 2۔ گل حسن 3۔ انچ خان پسران میر محمد 4۔ ریاض حسین ولد غلام حسین اقوام ماچھی ساکنان بالا ناڑی کو حسب ضابطہ گرفتار کرلیا گیا۔ مزید بالا ناڑی لیویز تفتیش کررہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# لیویز کی مختلف علاقوں میں کارروائیاں درجنوں ملزمان گرفتار اسلحہ برآمد

**مستونگ میں رشتہ دار کی ناک اور کان کاٹنے والا ملزم گرفتار، دشت سے اغواء ہونیوالے مزدوروں بازیاب**

**جھل مگسی میں ڈاکوؤں کے ٹھکانے پر چھاپہ، سندھ پولیس کے سروس کارڈز، گاڑیوں کے نمبرز پلیٹ، راکٹ لانچر برآمد**

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹوریٹ جنرل لیویز ہیڈ کوارٹر کے شعبہ تعلقات عامہ سے جاری ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق بلوچستان لیویز فورس نے صوبے کے مختلف اضلاع میں کارروائیاں کرتے ہوئے پانچ مشکوک افراد سمیت چودہ ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ اور مسروقہ سامان برآمد کرلیا رپورٹ کے مطابق مستونگ میں گزشتہ دنوں کلی نغر میں رشتہ دار کی ناک اور کان کاٹنے والے ملزم کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا گیا قلات میں اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کرکے حوالات میں بند کردیا لورالائی میں لیویز تھانہ تورہ کے انچارج دفعدار زمان نے لیویز نفری کے ہمراہ اسپیشل چیکنگ کے دوران ملزم کو گرفتار کرکے انکے قبضے سے دو عدد پسٹل اور پانچ سو پچاس عدد کارتوس برآمد کرلئے ملزم کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا پنجگور دشت کے مقام پر مقامی کنسٹرکشن کمپنی سے اسلحے کے زور پر ڈمپر، ٹریکٹر اور رولر کو نذر آتش کرنے اور مذکورہ کمپنی سے چھ مزدوروں کو اغواء کرنیوالے کیخلاف لیویز تھانہ دشت خضدار کے ایس ایچ او محمد نعیم نے کارروائی کرتے ہوئے مقامی کمپنی سے اغواء ہونیوالی چھ مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرالیا خضدار میں اسسٹنٹ کمشنر خضدار جہانزیب شاہوانی کی سربراہی میں لیویز لائن آفیسر نور احمد زہری نے لیویز فورس کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے فیروز آباد سے چھینا گیا کپاس سے لدا ٹرک کوسنی کے مقام سے برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا۔

# اے این ایف کا ملک گیر کریک ڈاؤن 951 کلوگرام منشیات برآمد

**بلوچستان میں کارروائی کے دوران 84 کلوگرام چرس برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا**

**28 ملزمان گرفتار 10 گاڑیاں قبضہ میں لی گئیں، ملزمان کیخلاف مختلف تھانوں میں مقدمات درج**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے بلوچستان سمیت ملک بھر میں 24 ملک گیر کارروائیوں میں مجموعی طور پر 951.585 کلوگرام منشیات برآمد کرکے 28 ملزمان کو گرفتار کرکے 10 گاڑیاں قبضہ میں لے لی گئیں بلوچستان میں کارروائی کے دوران 84 کلوگرام چرس برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا سندھ میں 4 کارروائیوں میں 20.650 کلوگرام چرس برآمد کی گئی جبکہ 6 ملزمان کو گرفتار کرکے انکے قبضہ سے 4 گاڑیاں قبضے میں لی گئیں۔ راولپنڈی میں 7 کارروائیوں میں 52275.8 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی جس میں 9.184 10 کلوگرام افیون، 2.177 کلو ہیروئن، 70.200 کلو چرس، 23 گرام میتھ ایمفیٹامائن آئس اور 218 گرام ویڈ شامل جبکہ 9 ملزمان کو گرفتار کرکے انکے قبضہ سے 2 گاڑیاں قبضے میں لیں۔ پنجاب میں 4 کارروائیوں میں 33.011 کلو منشیات برآمد کی گئی جس میں 21.6 کلو چرس، 9.6 کلو افیون، 1.79 کلو میتھ ایمفیٹامائن آئس اور 21 گرام کوکین شامل ہے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے 1 گاڑی قبضے میں لیں۔ خیبر پختونخوا میں 8 کارروائیوں میں 556.396 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 25 OCT 2022 Page No. 11


# جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کے باعث پیدل چلنا بھی دشوار ہو گیا

صبح سویرے ہی سبزی فروش، پھل فروش اور مچھلی فروشوں کی سینکڑوں ریڑھیاں سڑک پر کھڑی کردی جاتی ہیں، مظہر علی مظہر

سڑک 50 فٹ کشادہ ہو چکی ہے مگر افسوس اصل مسائل اربوں روپے کے فنڈ خرچ ہونے کے باوجود جوں کے توں ہے، بدر زمان و دیگر

کوئٹہ (سروے خبر نگار) صوبائی دارالحکومت کی کثیر آبادی کو شہر سے ملانے والی اہم جائنٹ روڈ عدم توجہی کے باعث توسیعی منصوبے کی تکمیل کے باوجود اکثر بلاک رہتی ہے، توسیع سے سڑک کی چوڑائی 50 فٹ ہو چکی ہے مگر سڑک کے دونوں جانب سبزی فروٹ فروشوں مچھلی فروشوں، کے قبضہ کی وجہ سے سڑک صبح دوپہر شام بلاک رہتی ہے، ٹریفک پولیس کے اعلیٰ حکام سڑک کی دونوں جانب قبضہ ختم کروائے، یہ مطالبہ جائنٹ روڈ پر کاروبار کرنے والوں اور راہ گیروں مظہر علی مظہر، شاہ محمد، عبدالنافع، شکیل احمد، بدر زمان نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کی ہے راہ گیروں اور دکانداروں کا کہنا تھا کہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر مالک بلوچ نے وزیر اعلیٰ کا حلف اٹھانے سے پہلے اس روڈ پر ہونے والی تجاویزات کو ہٹانے اور پارکنگ کو ختم کرنے کا کہا تھا وزیر اعلیٰ بننے کے بعد اس روڈ کی توسیعی کا منصوبہ بنایا گیا جس کی تکمیل سے 20 فٹ کی سڑک اب 50 فٹ کشادہ ہو چکی ہے مگر افسوس اصل مسئلہ اربوں روپے کے فنڈ خرچ ہونے کے باوجود جوں کا توں ہے، صبح سویرے ہی سبزی فروش، پھل فروش اور مچھلی فروشوں کی سینکڑوں ریڑھیاں سڑک پر کھڑی کردی جاتی ہیں صبح سے شام تک یہاں رش رہتا ہے جس کی وجہ سے روڈ بلاک رہتی ہے، کبھی کبھار وی آئی پی روٹ لگنے کی وجہ سے سڑک سے ریڑیوں کو ہٹا دیا جاتا ہے، جس کے فوراً بعد دوبارہ قبضہ ہو جاتا ہے، سڑک پر رش کی وجہ سے آئے روز حادثات پیش آتے ہیں جھگڑے بھی روز کا معمول ہے، صبح اور دوپہر کے اوقات میں تو سکول جانے والے بچوں اور دفاتر جانے والے ملازمین کو بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، متاثرین نے مزید کہا کہ روڈ کی آئے روز بندش کی وجہ سے ایمبولینسوں کو بھی راستہ نہیں ملتا، ٹریفک پولیس حکام کو کئی مرتبہ شکایات درج کروا چکے ہیں مگر ہماری پریشانی کو ختم کرنے کے لیے عملی اقدام نہیں اٹھایا جا رہا، سڑک پر پھل، سبزی، مچھلی کی ریڑیاں سجا کر کاروبار کرنے والوں نے کہا کہ ہم کہاں جائیں بچوں کو دو وقت کی روٹی کھلانے کے لیے صبح سے شام تک گرمی سردی برداشت کرکے عوام کو سہولت فراہم کر رہے ہیں اسی سے ہمارے گھروں کے چولہے بھی جل رہے ہیں اگر ہمیں یہاں سے ہٹایا گیا تو ہم کہاں روزی کمائے گے۔



## نصیر آباد کی تحصیل تمبو میں

# امدادی سامان غیر منصفانہ طور پر تقسیم ہونے لگا

دوماہ گزرنے کے باوجود سیلاب زدگان کو ریلیف ملا اور نہ ہی سر چھپانے کیلئے چھت، ہزاروں کی آبادی کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہے، رابطہ جے یو پی

انتظامیہ نے یوسی بیرون ایری کے حقدار متاثرین کی داد رسی نہ کی تو سندھ بلوچستان قومی شاہراہ بلاک کرکے احتجاج ریکارڈ کرائیں گے، مولانا محمد عالم لانگو و دیگر کی پریس کانفرنس

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد تحصیل تمبو کی یونین کونسل بیرون ایری کے سیلاب متاثرین کو دو ماہ گزرنے کے باوجود بھی ریلیف ملا اور نہ ہی سر چھپانے کے لیئے چھت یونین کونسل کی آبادی 7 سے 9 ہزار پر مشتمل ہے جو کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہے، سردیاں سر پر آچکی ہیں جس کے باعث متاثرین کی مشکلات میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے یونین کونسل بیرون ایری کے سیلاب متاثرین کو ضلعی انتظامیہ اور فلاحی این جی اوز نے جان بوجھ کر نظر انداز کر رکھا ہے، خیمے، راشن و دیگر امدادی سامان سیاسی بنیادوں پر تقسیم کیا جا رہا ہے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد سے متعدد بار ملاقات کرکے متاثرہ علاقے اور متاثرین کے بارے میں آگاہی دی مگر تاحال اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود بھی ضلعی انتظامیہ ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے اگر فوری طور پر متاثرہ یونین کونسل کے متاثرین کی بحالی و ٹینٹ اور راشن تقسیم نہ کیا گیا تو سندھ بلوچستان قومی شاہراہ پر بھرپور احتجاج کریں گے ان خیالات کا اظہار رابطہ جمعیت علماء پاکستان کے صوبائی سینئر رہنما مولانا محمد عالم لانگو، ڈویژنل جنرل سیکرٹری سردارزادہ میر اسد خان عمرانی، تاج محمد بلیدی، عبدالفتاح لہڑی، علی حیدر عمرانی اور ولی محمد منجھو نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں اور سیلاب سے نصیر آباد کی تحصیل تمبو کی یونین کونسل بیرون ایری شدید متاثر ہوئی ہے 6 سے سات فٹ پانی آنے سے لوگوں کے رہائشی مکانات گرنے کے ساتھ مال مویشی اور گھریلو سامان جمع پونجی سیلاب کی نظر ہو گئی جس کے باعث اب بھی علاقے میں سیلاب کا پانی کھڑا ہوا ہے جو موذی امراض کا سبب بھی بن رہا ہے اور لوگ بے یار و مددگار کھلے آسمان تلے پڑے ہوئے ہیں لیکن ضلعی انتظامیہ اور دیگر امدادی اداروں کی جانب سے سیلاب متاثرین کی آج تک کوئی خبر لی گئی اور نہ ہی داد رسی ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ سروے اور دیگر امدادی سرگرمیاں صاف و شفاف طریقے سے کرنے کے بجائے منظور نظر علاقوں تک محدود ہیں انہوں نے کہا کہ ہم ایف سی 72 ونگ کے کرنل سمیت دیگر بالا حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ یونین کونسل بیرون ایری کے متاثرین کو راشن ٹینٹ فراہم کرکے ان کی داد رسی کی جائے تاکہ ان کی مشکلات میں کمی آسکے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان



Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 5

Dated: 25 OCT 2022 Page No. 12


# بیروزگار نوجوان سراپا احتجاج ڈگریوں کو آگ لگا دی

محکمہ صحت سوراب کی خالی اسامیوں پر تعیناتیوں میں تاخیر پر پیمانہ صبر لبریز ہوگیا، ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے اظہار غم وغصہ، مزید تاخیر پر آر سی ڈی شاہراہ بلاک کرنے کی دھمکی

**اسامیوں پر اقربا پروری اور سیاسی بنیادوں پر تعیناتیوں کا خدشہ ہے، حق تلفی ہوگی، 15 دن میں تقرر نامے جاری نہ کرنے پر احتجاج میں شدت کے ذمے دار متعلقہ حکام ہونگے، بیروزگار نوجوان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ صحت سوراب کی خالی اسامیوں پر تعیناتیوں میں تاخیر کی وجہ سے بیروزگار نوجوان سراپا احتجاج بن گئے، ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے ڈگریاں نذر آتش کردیں، تعیناتی آرڈرز کے اجرا میں مزید تاخیر کی صورت میں نوجوانوں نے آر سی ڈی شاہراہ بلاک کرنے کی دھمکی دیدی، تفصیلات کے مطابق گزشتہ سال بلوچستان کے تمام اضلاع میں محکمہ صحت میں طبی عملے کی کمی پوری کرنے کیلئے مختلف اخبارات میں سامیاں مشتہر کی گئیں جس سے بیروزگار نوجوانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، ضلع سوراب میں محکمہ صحت کی خالی اسامیوں پر بڑی تعداد میں نوجوانوں نے دستاویزات جمع کرائیں، اس ضمن میں تحریری اور زبانی امتحان کا مرحلہ بھی ہوگیا مگر ایک سال سے زائد گزرنے کے بعد بھی تعیناتی آرڈرز جاری نہیں کیے جاسکے، تعیناتی آرڈرز کے اجرا میں تاخیر سے بیروزگار نوجوان مایوس ہوکر سراپا احتجاج بن گئے ہیں، گزشتہ روز بیروزگاروں نے تنگ آکر ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے احتجاجاً اپنی ڈگریاں جلا دیں۔ نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بیروزگار نوجوانوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ اسامیوں پر اقربا پروری اور سیاسی بنیادوں پر تعیناتیوں کا خدشہ ہے جس سے بیروزگاروں کی حق تلفی ہوگی، 15 دن میں تعیناتی آرڈرز جاری نہ کرنے پر احتجاج میں شدت لاکر آر سی ڈی شاہراہ بند کرکے ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے دھرنا دیں گے جس کی ذمے داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔


AZADI QUETTA


# واشک شہر میں پینے کی صاف پانی قلت شدت اختیار کرگئی عوام سرگرداں

محکمہ پی ایچ ای صاف پانی کی قلت پر قابو پانے میں ناکام ہوچکی ہے لوگ جوہڑوں کا گندہ پانی پینے پر مجبور

**واشک شہر میں محکمہ پی ایچ ای کا کوئی ذمہ دار ڈیوٹی پر موجود نہیں جبکہ پورا محکمہ وال مینوں کے رحم وکرم پر ہے، نوٹس لیا جائے عوامی حلقے**

واشک (این این آئی) شہر میں پینے کی صاف پانی قلت اختیار کرگئی تین واٹر سپلائی اسکیمات ہونے کے باوجود کوشکی علیان کوبن کے سینکڑوں باسی پینے کے صاف پانی سے محروم جوہڑوں کا پانی پینے پر مجبور ہیں جبکہ جدید دور میں سرکاری خزانہ کو اخراجات سے بچنے کے لئے بلوچستان کے اکثر اضلاع میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے واٹر سپلائیاں سولر سسٹم سے منسلک ہوچکے ہیں مگر واشک کے واٹر سپلائی


(بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 5 پر)


اسکیمات تاحال ڈیزل پر چل رہے ہیں جو کہ محکمہ کی جانب سے کرپشن کا ایک بڑا اور اہم ذریعہ ہے محکمہ پی ایچ ای واشک شہر میں پینے کی صاف پانی کی قلت پر قابو پانے میں ناکام ہوچکی ہے اور لوگ جوہڑوں کے گندے پانی پینے پر مجبور ہیں جس سے مختلف قسم کی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے اور اکثر ضلع کے ضلعی ہیڈکوارٹر واشک میں گلے و بخار کی بیماری بڑھ گئی ہے واشک شہر میں محکمہ پی ایچ ای کا کوئی ذمہ دار ڈیوٹی پر موجود نہیں جبکہ پورا محکمہ وال مینوں کے رحم وکرم پر ہے عوام اپنی پانی کے حصول کے لئے جائیں تو کہاں جائیں۔ واشک کے سماجی حلقوں نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بلوچستان کے ذمہ داران سے واشک شہر میں پانی کی قلت اور ذمہ داران کی غیر حاضری کا نوٹس لیتے ہوئے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 25 OCT 2022 Page No. 13

## بلوچستان ملازمین اتحاد کا اجلاس، مطالبات کے حق میں احتجاج کا فیصلہ

**10 نومبر کو بلوچستان بھر میں ریلیاں نکالی جائیں گی، فوت شدہ ملازمین کے لواحقین غیر متعلقہ فورم پر رابطہ نہ کریں، حبیب اللہ غرشین و دیگر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ملازمین اتحاد کا اجلاس، اہم فیصلے کئے گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز واسا ایمپلائز یونین سی بی اے کے مرکزی دفتر میں بلوچستان ملازمین اتحاد کا اجلاس زیر صدارت چیئرمین حبیب اللہ غرشین کی صدارت میں ہوا، جس میں بلوچستان کی مزدور و ملازم تنظیموں کے مرکزی قائدین و پی ایم آئی کے عہدیداروں خان زمان قاسم خان عارف خان نیچاری محمد عمر جتک عبدالستار خان عابد بٹ سیف اللہ ترین دین محمد محمد حسنی شاہ علی بگٹی ملک وحید کاسی ظفر خان رند حبیب اللہ لانگو اور دیگر نے شرکت کی اجلاس میں اس بات کی مذمت کی گئی کہ چند خود ساختہ عناصر بلوچستان میں لواحقین کی بھرتی کے ایشو پر غریب یتیموں اور بیواؤں سے مختلف حربوں سے پیسے بٹور رہے ہیں اس حوالے سے وضاحت کی گئی کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی منظوری کے بعد حقیقی ورثا کی بھرتی کا عمل صوبے بھر کے محکموں میں شروع کرائیں گے اور ہدایت کی گئی کہ فوت ہونے والے ملازمین کے بچے اور بیوائیں غیر متعلقہ فورم سے رابطہ نہ کریں۔ اور نہ کسی شخص یا گروپ کو کوئی چندہ دیں اجلاس میں جی ٹی اے بی آئینی کے مطالبات کی حمایت میں احتجاجی تحریک پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور بلوچستان کی حقیقی تنظیموں بلوچستان لیبر فیڈریشن پاکستان ورکرز کنفیڈریشن بلوچستان رجسٹرڈ، آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن بلوچستان جی ٹی اے بی آئینی بلوچستان ورکرز فیڈریشن سمیت تمام اساتذہ و مزدور اور ملازم تنظیموں کے کارکنوں اور رہنماؤں کو خراج تحسین پیش کیا گیا جنکی جدوجہد کی بدولت جی ٹی اے بی آئینی کے پلیٹ فارم سے بلوچستان کے 42 ہزار اساتذہ کا دیرینہ مطالبہ حل ہوا اجلاس میں کہا گیا کہ بے لگام مہنگائی سے ملازمین مزدوروں غریب عوام مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے یوٹیلٹی بلز میں اضافے پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں آٹے دالوں گھی آئل سبزیوں کی قیمتیں غریب کی پہنچ سے دور ہو چکی ہیں غریب ملازمین اور عوام دو وقت کی روٹی کے محتاج ہو گئے ہیں، خوردنی اشیاء کے ریٹ مقررہ نرخ سے مقرر کرنیوالوں کیخلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ 10 نومبر کو کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں احتجاجی ریلیاں اور مظاہرے کئے جائیں گے۔ اس حوالے سے بلوچستان ملازمین اتحاد کی مرکزی ریلی کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن سے نکالی جائے گی اور تمام اضلاع سے رابطے کر کے اس احتجاج کو وسعت دی جائے گی۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتیں
## انجمن تاجران کا 31 اکتوبر کو لکپاس قومی شاہراہ کو بلاک کرنیکا اعلان

**حکومت فوری طور پر شاہراہوں کو سفر کیلئے محفوظ بناتے ہوئے تاجروں سے لوٹا گیا سامان، نقدی برآمد کر کے اس میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرے**

**حکومت نے فوری طور پر اقدامات نہ اٹھائے تو ہم صوبہ بھر میں احتجاج کو وسعت دیتے ہوئے شٹر ڈاؤن ہڑتال کرینگے، رحیم آغا پریس کانفرنس**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا نے بلوچستان کے طول و عرض میں قومی شاہراہوں پر بڑھتی ہوئی ڈکیتی، راہزنی کی وارداتوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت فوری طور پر شاہراہوں کو سفر کے لئے محفوظ بناتے ہوئے تاجروں سے لوٹا گیا سامان، نقدی برآمد کر کے اس میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے انصاف کے کٹہرے میں لائے اگر حکومت نے اس پر توجہ نہ دی اور ........

بقیہ نمبر 56 صفحہ 10 پر

ہمارے مطالبے پر عملدرآمد نہ کیا تو ہم 31 اکتوبر پیر کو لکپاس کے مقام پر قومی شاہراہ کو بلاک کر کے احتجاج کریں گے اور اگر حکومت نے اقدامات نہ اٹھائے تو ہم صوبہ بھر میں احتجاج کو وسعت دیتے ہوئے شٹر ڈاؤن ہڑتال کریں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 25 OCT 2022 Page No. 14


## سیلاب زدہ علاقوں میں 16 لاکھ بچے غذائی قلت کا شکار ہو سکتے ہیں

اقوام متحدہ کے بچوں کے فنڈ (یونیسف) نے خبردار کیا ہے کہ تباہ کن سیلاب کے نتیجے میں متاثرہ علاقوں میں بچوں میں شدید غذائی قلت اور صحت کی سہولیات کی صورتحال تشویشناک ہے، 70 لاکھ سے زائد بچوں تک پہنچنے کیلئے عالمی برادری سے تعاون کا مطالبہ کیا ہے کیونکہ نوعمر لڑکیاں اور خواتین کو غذائیت سے بھرپور خدمات کی ضرورت ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یونیسف نے کہا کہ سندھ اور بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں صحت کی سہولیات میں داخل ہونے والے 5 سال سے کم عمر کے 9 میں سے ایک بچہ شدید غذائی قلت کا شکار پایا گیا اور 10 لاکھ سے زائد افراد پینے کے صاف پانی جبکہ 60 لاکھ سے زائد افراد کو صفائی کی خدمات ضرورت ہے۔ یونیسف نے حکومت کی صحت کی فراہمی کی خدمات میں غذائیت کو ضم کرنے اور طویل المدتی میں غذائیت کے لیے حکومتی فنڈز میں اضافہ کرنے پر بھی زور دیا۔ بیان میں کہا گیا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں صحت کی سہولیات پر اس سال ستمبر سے اب تک صحت کے ماہرین کی جانب سے 22 ہزار سے زیادہ بچوں کی اسکریننگ کی گئی جس میں 2 ہزار 630 سے زیادہ یا 9 بچوں میں سے ایک سے زیادہ میں شدید غذائی قلت کی تشخیص ہوئی۔ تازہ ترین نیشنل نیوٹریشن سروے کے پہلے سے موجود غذائی قلت کے پھیلاؤ پر مبنی تخمینے بتاتے ہیں کہ سندھ اور بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں تقریباً 16 لاکھ بچے شدید غذائی قلت کا شکار ہو سکتے ہیں اور انہیں فوری علاج کی ضرورت ہے۔ غذائیت کی کمی کی شکار حاملہ خواتین کو بھی کم وزن والے بچوں کو جنم دینے کا خطرہ ہوتا ہے جو خود بھی غذائیت کی قلت کا شکار ہیں۔ پاکستان میں یونیسف کے نمائندے عبداللہ فادیل نے کہا کہ ہم اس خطرے کی گھنٹی کو کافی زور سے نہیں بجا سکتے ہیں، ہمیں نیوٹریشن ایمرجنسی کا سامنا ہے جس سے لاکھوں بچوں کی زندگیوں کو خطرہ لاحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوری کارروائی کے بغیر ہم ایک تباہ کن نتائج کی طرف بڑھ رہے ہیں جو بچوں کی نشوونما اور بقا کے لیے خطرہ ہے، ہم اب تک عالمی برادری کے تعاون کے شکرگزار ہیں لیکن بچوں کی زندگیاں بچانے کے لیے مزید بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح 40 فیصد سے زائد مائیں خون کی کمی کا شکار ہیں، پاکستان بھر میں 2 کروڑ 50 لاکھ سے زیادہ بچے اور خواتین بشمول سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں 70 لاکھ سے زیادہ بچے اور خواتین کو ضروری غذائی خدمات تک فوری رسائی کی ضرورت ہے۔ حکومت نے ورلڈ فوڈ پروگرام اور دیگر شراکت داروں کے ساتھ مل کر یونیسف نے شدید غذائی قلت اور دیگر قسم کی غذائی قلت کے کیسوں کی روک تھام، پتا لگانے اور علاج کے لیے 271 آؤٹ پیشنٹ علاج کے مراکز قائم کیے ہیں۔


Balochistan Time Quetta


## Low gas pressure

Load-shedding and low pressure of natural gas at the beginning of winter and electricity at the beginning of summer is not new phenomena for the people of Balochistan. Every year in winter, the people of Balochistan face the agony of gas shortage and low gas pressure. Residents in various parts of the Quetta city are protesting against low gas pressure due to which routine life has been badly disturbed. Gas shortage is common in winter, especially in colder regions and across the country, which creates a different set of problems for the gas-fired industry. In these circumstances, the federal cabinet's strategy to reduce the gas crisis in winter will largely keep the stoves of the citizens running because the federal cabinet has approved the relaxation of the PPRA rules for the import of 100,000 tonnes of LPG cargo which will be applicable for five months from next month i.e. till March 2023. It may be noted that the Petroleum Division had requested for relaxation of the PPRA rules for import of LPG spot cargoes. It may also be noted that PPERA Rule 13 and Rule 35 will not be applicable, and one of the benefits of which is that there is no need to wait for fifteen days to one month to complete the bidding process through advertisement. Rather, this process will be completed in the next few days. Undoubtedly, this is healthy news for the citizens, but the question arises that how long will people continue to depend on imports despite having vast reserves of natural gas while Prime Minister Shehbaz Sharif has also decided to import wheat for the private sector. The government has to formulate a coherent policy in this regard so that instead of finding a temporary solution every year, the problem of natural gas and electricity shortage is solved on a permanent basis and instead of worrying about the arrival of urban seasons, they can enjoy them. As far as Balochistan is concerned the federal government ought to pay extra ordinary attention as Balochistan is one of the important gas producers in the country while its majority of the areas and districts are deprived of the facility of natural gas. Quetta is the largest and capital city of Balochistan where the condition of gas pressure is immensely very low and various districts of the province are deprived of facility of natural gas. It is essential that the government must focus on Balochistan and ensure supply of proper gas to all its residents so that their miseries and grievances could be addressed permanently.